www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

"یعنی ہم مشرق و مغرب میں بسنے والے اپنے مسلمان بھائیوں کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ مطلقاً ضعیف احادیث پر عمل کرنا چھوڑ دیں اور اپنی ہمت ان احادیث پر عمل کرنے کے لئے مرتکز رکھیں جو نبی کریم ﷺ سے ثابت ہیں۔ وہ صحیح احادیث ہمیں ضعیف احادیث سے بے نیاز کر دیتی ہیں"

اسی جذبہ صادقہ نے امام بخاریؒ کو الجامع الصحیح لکھنے پر مجبور کیا۔ بعض دیگر محدثین نے بھی ان کی پیروی کی اور انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے علامہ محمد ناصر الدین البانیؒ نے الصحيحة اور الضعيفة کو الگ الگ جمع کرنے کی کوشش کی۔ الصحيحة میں صحيح، صحيح لغيره اور حسن، حسن لغيره کا اور الضعيفة میں ضعيف، ضعيف جداً، شاذ، منكر، باطل، موضوع، لا أصل له، لا يصح، لا أصل له مرفوعاً وغیرہ کا درجہ و مرتبہ بادلیل بیان کیا، ان کی اس تحقیق سے اختلاف ممکن ہے۔ لیکن ان کی اس صائب فکر اور قابل قدر کوشش کو تنقیص کی نظر سے دیکھنا کوئی خدمت اور مستحسن رویہ نہیں۔ بدعت کے اس دور میں سلامتی کی وہی راہ ہے جو علامہ البانیؒ اور ان کے پیشرو حضرات نے اختیار کی ہے۔ سنت کی پیروی، بدعت میں اجتہاد سے بہر نوع بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح احادیث پر عمل کرنے کی توفیق بخشے اور بدعات و خرافات سے محفوظ رکھے۔ آمین!

قارئین توجہ فرمائیں گذشتہ برس مدیر اعلیٰ حافظ عبدالرحمن مدنی شیخ البانی سے ملاقات کے لئے اُردن تشریف لے گئے جہاں شیخ البانی سے محدث کے لئے فتنہ انکار حدیث کے حوالے سے تفصیلی انٹرویو کیا گیا۔ یہ انٹرویو فتنہ انکار حدیث نمبر میں شائع ہوگا۔ ان شاء اللہ...... اُردن میں ہفتہ عشرہ کے اس قیام کے آخری روز شیخ البانی سے اہالیان پاکستان کے لئے خصوصی نصیحت کی گذارش کی گئی جو شیخ نے کمال مہربانی سے قبول فرمائی۔ گھنٹہ بھر کی اس وصیت کو ریکارڈ کیا گیا۔ محدث کے اس شمارے کیلئے اس وصیت کو کیسٹ سے نقل کر کے ترجمہ کر لیا گیا تھا لیکن صفحات کی ضخامت پوری ہو جانے اور محترم مدیر اعلیٰ کی خرابی صحت کی بنا پر ان کی اشاعت کو ملتوی کیا جا رہا ہے...... اسی طرح مولانا حافظ صلاح الدین یوسف نے "شیخ البانی اور اصولِ حدیث" کے موضوع پر بعض استفسارات کے جوابات تحریر فرمائے تھے۔ یہ مضامین اب انکار حدیث نمبر میں ہی شائع ہوں گے۔ ان شاء اللہ قارئین سے مدیر اعلیٰ کی صحت یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے! (ادارہ)

گذشتہ ماہ شیخ البانی کے معروف شاگرد شیخ سلیم الہلالی اُردن سے لاہور پہنچے اور ۶ر نومبر ۹۹ء کی شام کو ادارۂ محدث میں مدیر اعلیٰ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے...... اسی طرح برطانیہ سے شیخ البانی کے شاگرد بھی آپؒ کی وفات کے چند ہی دنوں بعد ادارۂ محدث میں تشریف لائے اور مدیر اعلیٰ سے ملاقات کرنے کے ساتھ مجلس التحقیق الاسلامی اور جامعہ لاہور الاسلامیہ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا اور شیخ البانی کے لئے اجتماعی دعا کروائی۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ